**27.07.2024**
**21.15 Hrs**

## HL-OPENNING

آداب
یہ آکاشوانی ہے
خبروں کے ساتھ میں شگفتہ یاسمین
**Music**

.................................................................

☆☆ وزیر اعظم نریندر مودی نے کہا ہے کہ مرکز اور ریاستوں کی مشترکہ کوششوں سے 2047 تک وکست بھارت کے نظریے کو حاصل کیا جاسکتا ہے۔
☆ وزیر اعظم کل دن میں گیارہ بجے آکاشوانی پر من کی بات پروگرام میں اپنے خیالات کا اظہار کریں گے۔
☆ وزیر خارجہ ڈاکٹر ایس جے شنکر نے دہشت گردی اور سائبر جرائم سے نمٹنے کیلئے فعال کارروائی پر زور دیا ہے۔
☆ غزہ کے وسطی حصے میں ایک اسکول پر ایک اسرائیلی حملے میں کم از کم 30 افراد ہلاک ہوگئے ہیں۔
☆ ٹی-ٹوینٹی کرکٹ میں، Pallekele میں تین میچوں کی سیریز کے پہلے میچ میں بھارت نے میزبان سری لنکا کو 214 رن کا ہدف دیا ہے۔
☆ اور پیرس اولمپکس میں خواتین کے دس میٹر ایئر پسٹل میں منو بھاکر فائنل میں پہنچ گئی ہیں۔ لکشیہ سین مردوں کے سنگلز کے اگلے دور میں پہنچ گئے ہیں۔

.................................................................

(Music)
اب خبریں تفصیل سے

## PM Governing Council

وزیر اعظم نریندر مودی نے کہا ہے کہ ''وکست بھارت 2047@'' ہر بھارتی کی خواہش اور آرزو ہے۔ انھوں نے یہ بات آج نئی دلّی میں نیتی آیوگ کی گورننگ کونسل کی نویں میٹنگ سے خطاب کرتے ہوئے کہی۔ میٹنگ کے بعد نامہ نگاروں کو جانکاری فراہم کرتے ہوئے نیتی آیوگ کے CEO بی وی آر سبرامنیم نے کہا کہ وزیر اعظم جناب مودی نے کہا کہ ریاستیں اِس مقصد کو حاصل کرنے میں اہم رول ادا کرسکتی ہیں، کیونکہ وہ عوام سے براہ راست جڑی ہوئی ہیں۔

S/B: CEO- NITI Ayog

وزیر اعظم نے کہا کہ یہ ٹیکنالوجی، جغرافیائی و سیاسی تبدیلیوں اور مواقع کی دہائی ہے۔ انھوں نے کہا کہ

بھارت کو ان مواقع سے فائدہ اٹھانے اور بین الاقوامی سرمایہ کاری کے لیے سازگار پالیسی بنانے کی ضرورت ہے۔

انہوں نے کہا کہ یہ بھارت کو ایک ترقی یافتہ ملک بنانے کی طرف پیش رفت کرنے کا ایک موثر وسیلہ ہے۔ جناب مودی نے کہا کہ ملک صحیح سمت میں آگے بڑھ رہا ہے۔

بھارت 100 سال میں ایک مرتبہ آنے والی وبا کو بھی شکست دے چکا ہے۔ انہوں نے کہا کہ ملک کے شہریوں میں مکمل اعتماد اور بھر پور جوش ہے۔ وزیر اعظم نے کہا کہ وکست بھارت 2047@ کا خواب، تمام ریاستوں کی مشترکہ کوششوں سے ہی پورا ہوسکتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ ترقی یافتہ ریاستیں، ترقی یافتہ بھارت بنائیں گی۔ جناب مودی نے کہا کہ بھارت نوجوانوں کی آبادی والا ملک ہے۔ یہ اپنی افرادی قوت کے سبب پوری دنیا کے لیے ایک پُرکشش مقام بنا ہوا ہے۔ اس کا مقصد نوجوانوں کو ہنر مند اور روزگار کے قابل افرادی قوت بنانا ہے۔

وزیر اعظم نے کہا کہ وکست بھارت 2047@ کے لیے مہارت، تحقیق، اختراع اور روزگار پر مبنی معلومات کی ضرورت ہے۔نیتی آیوگ کی گورننگ کونسل کی میٹنگ راشٹرپتی بھون کے ثقافتی مرکز میں منعقد ہوئی۔ وزیر اعظم مودی، جو نیتی آیوگ کے چیئرمین بھی ہیں، نے اس میٹنگ کی صدارت کی۔اس میٹنگ میں ریاستوں کے وزراء اعلیٰ اور مرکز کے زیر انتظام علاقوں کے لیفٹیننٹ گورنر صاحبان، بحیثیت عہدہ ارکان کے طور پر مرکزی وزراء اور خصوصی مدعوئین، نیتی آیوگ کے نائب چیئرمین سُمن بیری اور نیتی آیوگ کے ممبران نے شرکت کی۔ اِس سال کی میٹنگ کی موضوع تھا: ''وکست بھارت 2047@''۔اس موضوع کے تحت بھارت کو ایک ترقی یافتہ ملک بنانے پر کلیدی توجہ مرکوز کی گئی۔

نیتی آیوگ کے CEO بی وی آر سبرامنیم نے کہا کہ وزیر اعظم نریندر مودی نے زور دیا کہ ریاستوں کو براہ راست غیر ملکی سرمایہ FDI کیلئے مسابقت کرنی چاہیے تاکہ سرمایہ کاری تمام ریاستوں تک پہنچ سکے۔

S/B: CEO- Niti Ayog

## PM Man Ki Baat

وزیراعظم نریندرمودی کل دن میں گیارہ بجے آکاشوانی پر من کی بات پروگرام میں ملک اور بیرون ملک کے لوگوں سے اپنے خیالات کا اظہار کریں گے۔ یہ ماہانہ ریڈیو پروگرام کا 112واں نشریہ ہوگا۔ جناب مودی کے لگاتار تیسری مدت کے لئے وزیراعظم کا عہدہ سنبھالنے کے بعد یہ دوسرا پروگرام بھی ہوگا۔ یہ پروگرام آکاشوانی دوردرشن کے تمام تر نیٹ ورک، اے آئی آر نیوزکی ویب سائٹ اور نیوز آن اے آئی آر موبائل ایپ پر نشر کیا جائے گا۔ یہ پروگرام اے آئی آر نیوز، ڈی ڈی نیوز، پی ایم او اور اطلاعات ونشریات کی وزارت کے یو ٹیوب چینلوں پر بھی براہ راست نشر ہوگا۔ آکاشوانی، ہندی نشریہ کے فوراً بعد علاقائی زبانوں میں یہ پروگرام نشرکرے گا۔×

## BJP CM MEET

BJP کی حکمرانی والی ریاستوں کے وزراء اعلیٰ اور نائب وزراء اعلیٰ کی ایک میٹنگ نئی دلّی میں BJP ہیڈکوارٹر میں جاری ہے۔ وزیر اعظم نریندر مودی، BJP کے سربراہ جے پی نڈّا، وزیر داخلہ امت شاہ اور BJP کے دیگر سینئر رہنما اِس میٹنگ میں شامل ہیں۔ جناب مودی نے وسیع تر معاملات پر وزراء اعلیٰ اور نائب وزراء اعلیٰ سے

بات چیت کی۔ لوک سبھا انتخابات اور مرکزی بجٹ کے پیش کئے جانے کے کچھ عرصے بعد یہ میٹنگ ہو رہی ہے۔ ریاستوں میں اہم اسکیموں اور فلاح وبہبود سے متعلق مرکزی حکومت کے اقدامات کا جائزہ لینے کیلئے وقفے وقفے پر اِس میٹنگ کا انعقاد کیا جاتا ہے۔x

## Jaishankar East Asia Summit

وزیر خارجہ ڈاکٹر ایس جے شنکر نے کہا ہے کہ بھارت، مشرقی ملکوں سے رابطے بڑھانے کی اپنی پالیسی کے ذریعے آسیان کے اتحاد اور مرکزیت کو برقرار رکھے گا۔ آج Vientiane میں 14ویں مشرقی ایشیا سربراہ میٹنگ میں وزراء خارجہ کی میٹنگ سے خطاب کرتے ہوئے انھوں نے کہا کہ مشرق نواز پالیسی، جس کا نویں مشرقی ایشیا سربراہ میٹنگ میں اعلان کیا گیا تھا، اُس کی ایک دہائی مکمل ہوگئی ہے۔ وزیرموصوف نے کہا کہ مشرقی ایشیا سربراہ کانفرنس کی آئندہ برس دو دہائی مکمل ہوجائیں گی اور بھارت مشرقی ایشیا سربراہ میٹنگ کے عمل کو مضبوط بنانے کیلئے اشتراک جاری رکھے گا۔ انھوں نے کہا کہ بھارت، بھارت-بحرالکاہل پر آسیان کے نظریات کا ثابت قدم حامی ہے اور اس کے بھارت-بحرالکاہل پہل میں تبدیل ہونے کی ستائش کرتا ہے۔ڈاکٹر جے شنکر نے کہا کہ بھارت، مشرقی ایشیا سربراہ ملکوں کے اور زیادہ ممبران کے IPOI میں شامل ہونے کی حوصلہ افزائی کرتا ہے۔ انھوں نے کہا کہ بھارت نے مسلسل مشرقی ایشیا لائحہ عمل کیلئے تعاون کیا ہے اور ممبئی میں بحری سلامتی اور اشتراک پر منعقدہ مشرقی ایشیا سربراہ کانفرنس میں اِس کی عکاسی کی گئی تھی۔ وزیر خارجہ نے کہا کہ نالندہ یونیورسٹی کو تسلیم کیا جانا مشرقی ایشیا سمٹ کا ایک اہم عہد ہے۔ انھوں نے کہا کہ بھارت عالمی خطۂ جنوب کی آواز بلند کرنے میں آسیان ممبران کی شمولیت کو قدر کی نگاہ سے دیکھتا ہے۔ ڈاکٹر جے شنکر نے کہا کہ چین کے جنوبی سمندر سے گذرنے والے آبی راستے بھارت-بحرالکاہل خطے کے امن، استحکام، خوشحالی اور ترقی کیلئے اہم ہے۔ انھوں نے کہا کہ ضابطۂ عمل بین الاقوامی قوانین سے مطابقت رکھنے کے ساتھ ساتھ پختہ اور موثر ہونا چاہئے۔انھوں نے کہا کہ بھارت کی توجہ سرحدوں کی سکیورٹی، ایک دوسرے کے ملکوں میں جرائم سے نمٹنے، تشدد کا خاتمہ کرنے اور کنیکٹی ویٹی کے پروجیکٹوں کی پیشرفت پر مرکوز ہے۔ ڈاکٹر جے شنکر نے کہا کہ جمہوریت کی بحالی کی خاطر بھارت کی کوششوں کو باہمی طور پر حمایت حاصل ہے۔ انھوں نے غزہ میں کشیدگی کو کم کرنے اور صبر وتحمل سے کام لینے پر بھی زور دیا۔ وزیر خارجہ نے کہا کہ بھارت، فلسطین کے عوام کیلئے انسانی بنیاد پر مدد فراہم کرنا جاری رکھے گا۔ انھوں نے بحرِ احمر میں کمرشیل جہازوں پرحملوں پر بھی تشویش ظاہر کی۔ انھوں نے مزید کہا کہ بھارت غیرجانبدارانہ طور پر بحری جہازوں کے تحفظ اور سکیورٹی کو یقینی بنانے میں اشتراک کر رہا ہے۔ یوکرین جنگ کے بارے میں ڈاکٹر جے شنکر نے کہا کہ بھارت نے بات چیت اور سفارتکاری کی اہمیت کو اجاگر کیا ہے۔x

## Jaishankar Asean Regional Forum

وزیر خارجہ ڈاکٹر ایس جے شنکر نے کہا ہے کہ صرف بین الاقوامی اشتراک سے ہی مشترکہ عالمی مفادات کا تحفظ کیا جاسکتا ہے اور عالمی سطح پر خوشحالی کو فروغ حاصل ہوسکتا ہے۔ آج Lao PDR میں Vientiane میں آسیان کے 31ویں علاقائی فورم میں شرکت کرتے ہوئے انھوں نے اِس بات پر زور دیا کہ ہمیں دہشت گردی، خواہ وہ کسی

بھی شکل میں ہو، اُس کا مقابلہ کرنے، دہشت گردوں کی پناہ گاہوں اور اقوام متحدہ کی جانب سے ممنوع قرار دی گئی دہشت گرد تنظیموں کی مالی اعانت کرنے والے نیٹ ورک کو نیست ونابود کرنے اور سائبر جرائم سے نمٹنے کیلئے فعال ہونا ہوگا۔x

## Justice Surya Kant

سپریم کورٹ کے جج جسٹس سوریہ کانت نے 29 جولائی سے 3 اگست تک ہونے والے خصوصی لوک عدالت ہفتے میں شرکت کیلئے شہریوں کو مدعو کیا ہے۔ آکاشوانی نیوز سے ایک خصوصی بات چیت میں جسٹس سوریہ کانت نے کہا کہ ازدواجی معاملات اور املاک کے جھگڑوں، موٹرگاڑیوں کے حادثات میں دعوؤں، آراضی حاصل کرنے کے معاوضوں اور خدمات اور مزدوروں سے متعلق معاملات وغیرہ سمیت مقدمات میں جن میں تصفیے کے امکانات ہیں، اُن پر سپریم کورٹ کی مخصوص لوک عدالت میں غور کیا جائے گا۔ انھوں نے مزید کہا کہ اِس پہل میں کہیں دور سے ویڈیو کانفرنس کے ذریعے بھی شامل ہوا جاسکے گا۔

S/B Justice Surya Kant

## Israel Attack

وسطی غزہ میں کم از کم 30 فلسطینی اُس وقت ہلاک اور 100 سے زیادہ زخمی ہوگئے جب اسرائیل نے ایک اسکول پر حملہ کیا جس میں زخمی اور بے گھر فلسطینی پناہ لئے ہوئے تھے۔ اِس دوران اسرائیلی فوج نے کہا ہے کہ اِس حملے میں اسکول کی عمارت میں واقع حماس کے کمانڈ اور کنٹرول مرکز کو نشانہ بنایا گیا تھا۔ اس نے کہا ہے کہ اسکول کو اسرائیل فوج کے خلاف حملے کرنے اور ہتھیاروں کا ذخیرہ کرنے کیلئے استعمال کیا جارہا تھا اور اُس نے حملے سے پہلے شہریوں کو وارننگ جاری کی تھی۔اس سے قبل فلسطین کے سرکاری میڈیا نے خبر دی تھی کہ جنوبی شہر خان یونس میں اسرائیلی حملوں میں کم از کم 14 فلسطینی ہلاک ہوگئے تھے۔x

## Rev Unesco Heritage Sites

نئی دلّی کے بھارت منڈپم میں عالمی میراث سے متعلق کمیٹی کے 46ویں اجلاس میں اِس سال یونیسکو کی جانب سے عالمی میراث کی فہرست میں 25 نئے مقامات کو شامل کیا گیا ہے۔ اِن میں سے 13 نئے مقامات کو آج شامل کیا گیا ہے۔ 19 مقامات کو ثقافتی ورثے کی حیثیت سے، چار کو فطری زمرے کے تحت اور دو کو مکسڈ زمرے کے تحت شامل کیا گیا ہے۔ بھارت کے آسام سے Moidams کو کُل بھارت کے 43ویں عالمی میراث کے مقام کی حیثیت سے شامل کیا گیا ہے۔x

## KAMLA HARIS CANDIDATURE

امریکہ کی نائب صدر کملا ہیرس نے کل رات ضروری کاغذات پر دستخط کرنے کے بعد صدارتی چناؤ کیلئے

باضابطہ اپنی امیدواری کا اعلان کیا۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں محترمہ ہیرس نے زور دے کر کہا کہ آئندہ نومبر میں عوامی طاقت سے وہ ضرور کامیاب ہوں گی۔ انھوں نے اس بات کا اعادہ کیا کہ وہ ایک ایک ووٹ حاصل کرنے کیلئے سخت محنت کریں گی۔ امریکہ میں اِس سال 5 نومبر کو صدر کے عہدے کا چناؤ ہوگا۔ امریکی صدر جوبائیڈن کی توثیق کے بعد محترمہ ہیرس ڈیموکریٹک پارٹی کی نامزد امیدوار ہیں۔ سابق امریکی صدر براک اوبامہ نے بھی صدارتی چناؤ کی دوڑ سے جوبائیڈن کے باہر ہوجانے کے بعد امریکی صدر کے عہدے کیلئے محترمہ ہیرس کی عوامی طور پر تائید کی ہے۔

جناب اوبامہ نے کہا کہ وہ اور سابق امریکی خاتون اول مشیل اوبامہ ، محترمہ ہیرس کو صدارتی چناؤ میں کامیاب بنانے کیلئے ہر ممکن کوشش کریں گی۔

## Bangladesh Police Custody

بنگلہ دیش میں کل سہ پہر ڈھاکہ پولیس کے سراغ رساں دستے نے سکیورٹی خطرات کا حوالہ دیتے ہوئے 'Students Against Discrimination' یعنی امتیازی سلوک کے خلاف طلباء کے تین لیڈروں کو حراست میں لے لیا۔ ڈھاکہ میٹرو پولیٹن پولیس کے ایڈیشنل کمشنر محمد ہارون الراشد نے کل رات نامہ نگاروں کو بتایا کہ 'Students Against Discrimination' کے تین کوآرڈنیٹرس ناہید اسلام، آصف محمود اور ابوبکر مجمدار کو پولیس کے سراغ رساں دستے نے حراست میں لیا ہے۔ سراغ رساں دستے کے سربراہ نے دعویٰ کیا کہ مذکورہ تینوں لیڈروں کو سکیورٹی خطرات کے پیش نظر کل سہ پہر ڈھاکہ کے ایک اسپتال سے حراست میں لیا گیا ہے۔ اِن میں سے دو زخمی کوآرڈنیٹر کا اسپتال میں علاج چل رہا ہے۔

اسی دوران بنگلہ دیش کے وزیر داخلہ اسد الزماں نے بھی آج ایک پریس کانفرنس میں اس بات کی تصدیق کی کہ مذکورہ تینوں رہنماؤں کو اُن کی خود کی حفاظت کے مدنظر حراست میں لیا گیا ہے۔ وزیر موصوف نے مزید کہا کہ تقریباً ایک ہفتے تک جاری کوٹہ اصلاحات کے احتجاج کے دوران بڑے پیمانے پر تشدد اور جھڑپوں کے واقعات کے بعد حالات اب معمول پر آرہے ہیں۔

## Mens Cricket

مردوں کے ٹی-ٹوینٹی کرکٹ میں سری لنکا کے Pallekele بین الاقوامی کرکٹ اسٹیڈیم میں تین ٹی-ٹوینٹی میچوں کی سیریز کا پہلا میچ میزبان سری لنکا اور بھارت کے درمیان کھیلا جارہا ہے۔ سری لنکا نے ٹاس جیت کر پہلے گیندبازی کرنے کا فیصلہ کیا۔ بھارت نے مقررہ 20 اوورس میں 7 وکٹ پر 213 رن بنائے اور سری لنکا کی جیت کیلئے 214 رن کا ہدف رکھا۔ بھارت کیلئے سوریہ کمار یادو نے 58، رشبھ پنتھ نے 49 اور شبھ من گِل نے 34 رن بنائے۔ سری لنکا کیلئے Matheesha Pathirana نے چار وکٹ حاصل کئے۔

## Paris Olympics

پیرس اولمپکس میں نشانے بازی میں بھارت کی منو بھاکر نے خواتین کے 10 میٹر ایئر پسٹل مقابلے کے فائنل

میں جگہ بنا لی ہے۔ وہ پیرس اولمپکس کے کوالیفائنگ مقابلے میں 580 پوائنٹس اور ستائیس inner کے شاندار مجموعی اسکور کے ساتھ تیسرے مقام پر رہے۔ البتہ منو بھاکر کی ہموطن کھلاڑی Rhythm Sangwan ناکام رہیں اور وہ 15 ویں مقام پر رہیں۔

بھارت کے مردوں اور خواتین کی ٹیمیں 10 میٹر کے مکسڈ ٹیم ایئر رائفل مقابلے میں تمغے کی دوڑ سے باہر ہوگئی ہیں۔ کوالیفکیشن راؤنڈ میں سندیپ سنگھ اور Elavenil Valarivan پر مشتمل پہلی ٹیم 12 ویں مقام پر رہی جبکہ ارجن Babuta اور Ramita جندل پر مشتمل دوسری ٹیم چھٹے مقام پر رہی۔

کشتی بانی میں مردوں کے سنگلز کے مقابلے میں بھارت کے واحد کشتی بان Balraj Panwar چوتھے مقام پر رہے۔ اب کل وہ اضافی مرحلے میں حصہ لیں گے۔

ٹیبل ٹینس میں مردوں کے سنگلز میں ہرمیت دیسائی نے 64 ویں راؤنڈ کیلئے کوالیفائی کرنے کیلئے اُردن کے Yaman Zaid Jor Abo کو گیارہ-سات، گیارہ-نو، گیارہ-پانچ اور گیارہ-پانچ سے شکست دی۔

بیڈمنٹن میں سرکردہ کھلاڑی لکشیہ سین نے آج شام مردوں کے سنگلز کے گروپ مرحلے کے میچ Kevin Cordon کو اکیس-آٹھ، بائیس-بیس سے ہرایا۔ مردوں کے ڈبلز کے زمرے میں ستوِک سائیراج رنکی ریڈی اور چراغ شیٹی پر مشتمل بھارت کی سرکردہ جوڑی اپنے افتتاحی میچ میں فرانس کی جوڑی Lucas corvee اور Ronan Labar کا سامنا کرے گی۔

خواتین کے ڈبلز کے زمرے میں اشونی Ponnappa اور Tanisha Crasto کی جوڑی، آج رات گروپ مرحلے کے اپنے پہلے میچ میں، کوریا کی جوڑی Kim So-yeong اور Kong Hee-yong سے مقابلہ کرے گی۔

ہاکی میں ٹوکیو اولمپکس میں تاریخی کانسے کا تمغہ جیتنے کے بعد بھارت کی مردوں کی ٹیم، نیوزی لینڈ کے خلاف اپنی مہم کا آغاز کر رہی ہے۔ پول-بی میں بھارت کا مقابلہ نیوزی لینڈ سے جاری ہے۔

مکّے بازی میں راؤنڈ آف 32 میں خواتین کے 54 کلوگرام زمرے میں Preeti Pawar کا مقابلہ ویتنام کی Vo Thi Kim Anh سے ہوگا۔

## Womens Asia Cup

خواتین کے ٹی-ٹوینٹی ایشیا کپ میں سری لنکا دامبولا میں دوسرے سیمی فائنل میں سری لنکا کی ٹیم، پاکستان کو تین وکٹ سے ہرا کر فائنل میں پہنچ گئی ہے۔ اب کل فائنل میں سری لنکا کا مقابلہ دفاعی چمپئن بھارت سے ہوگا۔x

☆☆☆☆☆☆☆☆